**18.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... فیصل خان

**Music**

---------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی برادری بقائے باہم اور اشتراک کی ایک روشن مثال ہے۔ Oman کے مسقط میں انہوں نے بھارتی برادری سے خطاب کیا۔

☆ بھارت اور Oman آج جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے پر دستخط کریں گے۔

☆ لوک سبھا میں وکست بھارت روز گارنٹی اور Ajeevika مشن گرامین بل-2025 منظور ہوگیا ہے۔ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ مودی حکومت میں منریگا اسکیم کو مناسب اور موثر طریقے سے نافذ کیا جارہا ہے۔

☆ قومی راجدھانی میں PUC کے بغیر پیٹرول، ڈیزل نہ ملنے کے ضابطے پر عمل کیا جارہا ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، آج چین کے Hangzhou میں BWF ورلڈ ٹور فائنل کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں ساتوک سائی راج رنکی ریڈی اور چراغ شیٹی کا مقابلہ ہوگا۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-IND-OMAN BIZ**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی گونا گونیت، اُس کی ثقافت کی ایک مضبوط بنیاد ہے اور روز بروز ہر موسم میں نت نئے تہوار اور روایات ایک نیا نظریہ پیش کرتی ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج Oman میں مسقط میں بھارتی برادری اور طلباء سے میتری پَرو پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ جہاں بھی بھارتی جاتے ہیں اور جہاں بھی وہ رہتے ہیں، اُس کی گونا گونیت کا احترام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی برادری، تعاون اور اشتراک اور پُرامن بقائے باہم کی ایک جیتی جاگتی مثال بن گئی ہے۔ اومان میں بھارتی تعلیمی نظام کے 50 سال پورے ہونے

کے موقع پر میتری پَرو پروگرام کا اہتمام کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میتری پَرو دونوں ملکوں کے درمیان دوستی کی ایک تقریب ہے اور اُن کی ایک مشترکہ تاریخ ہے اور خوشحال مستقبل ہے۔ اِس سے پہلے صبح کے وقت وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مسقط میں بھارت - اومان کاروباری چوٹی میٹنگ سے خطاب کیا، جس میں دونوں ملکوں کے تاجروں نے حصہ لیا۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ اِس چوٹی میٹنگ سے دونوں ملکوں کے باہمی رشتوں کو ایک نئی سمت اور ایک نئی رفتار ملے گی۔ وزیرِ اعظم نے یہ بھی کہا کہ دونوں ملکوں کے تاجر بحرِ عرب کے ذریعے صدیوں سے Mandvi اور مسقط سے تاریخی طور پر جڑے ہوئے ہیں۔

**SB - 1415 - PM on Meritime Trade**

جناب مودی نے بھارت - اومان کاروباری چوٹی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موسم بدلتے رہتے ہیں لیکن بھارت اور اومان کے درمیان دوستی وقت کے ساتھ اور زیادہ مضبوط ہوتی رہے گی۔ دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 70 سال پورے ہونے کا ذکر کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ یہ ساجھیداری اعتماد اور دوستی پر قائم ہے اور انہیں امید ہے کہ یہ آئندہ اور زیادہ پھلے پھولے گی کیونکہ اِس کی جڑیں مشترکہ ثقافت میں پیوست ہیں۔ چوٹی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے، تجارت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ یہ چوٹی میٹنگ دونوں ملکوں کے تجارتی رشتوں میں ایک نیا موڑ ثابت ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ بھارت اور اومان کے درمیان جامع اقتصادی ساجھیداری سمجھوتے پر دستخط ہوں گے، جس کا مقصد اقتصادی اور تجارتی تعاون کو اور زیادہ گہرا کرنا ہے۔

آج بعد میں وزیرِ اعظم ، اومان کے سلطان Haitham bin Tarik کے ساتھ اُن کے محل میں گفتگو کریں گے۔ دونوں رہنما دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ x

**LS-VIKSIT BHARAT G-RAM-G**

لوک سبھا میں وکست بھارت روزگار گارنٹی اور Ajeevika مشن گرامین بل-2025 منظور کرلیا گیا ہے۔ یہ بل 25 سالہ مہاتما گاندھی قومی دیہی روزگار گارنٹی ایکٹ-2005 کی جگہ لے گا۔ اس بل کا مقصد 2047 تک وکست بھارت کے قومی نظریئے سے مطابقت رکھتے ہوئے دیہی ترقی کی خاطر ایک طریقہ کار قائم کرنا ہے۔ اس بل کے تحت ہر اُس دیہی کنبے کے افراد کو، ہر مالی برس میں 125 دن کے روزگار کی گارنٹی فراہم کی جائے گی، جو غیر ہنرمند کام کے خواہشمند ہوں۔

اس بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے دیہی ترقی کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ اس وقت دیہی ترقی، اُس سے متعلق پالیسی کے عین مطابق ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِاعظم نریندر مودی کی زیر قیادت منریگا اسکیم کو مناسب اور مؤثر طریقے سے نافذ کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ منریگا کے تحت UPA حکومت نے صرف دو لاکھ 13 ہزار کروڑ روپے خرچ کئے تھے، جبکہ نریندر مودی حکومت نے 8 لاکھ 53 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ خرچ کئے ہیں۔

**Byte: Shivraj Singh**

**LS-MARKET CODE**

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن نے آج لوک سبھا میں سکیورٹیز مارکیٹس کوڈ بل-2025 پیش کیا۔ یہ بل سکیورٹیز مارکیٹس سے متعلق قوانین کو جامع اور اُن میں ترمیم کرے گا۔ بل پیش کرتے ہوئے محترمہ سیتارمن نے اِسے مزید غور وخوض کیلئے خزانے کی پارلیمانی قائمہ کمیٹی کو بھیجے جانے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے اس سلسلے میں اسپیکر سے فیصلہ کرنے کی درخواست کی۔

**DELHI NO PUC NO FUEL**

آج سے پوری دلّی میں پیٹرول پمپ اُن گاڑیوں کو ایندھن نہیں دے رہے ہیں، جن کے پاس PUC سٹرٹیفکیٹ نہیں ہے۔ کیمروں کے ذریعے PUC کی عمل درآمد پر نظر رکھی جارہی ہے۔ دلّی سرکار نے، دلّی میں تعمیرات کا سامان لانے والے ٹرکوں پر بھی مکمل طور پر پابندی عائد کردی ہے۔ اِس کے علاوہ، دلّی سے باہر کی اُن گاڑیوں کو بھی آج سے قومی راجدھانی میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جو BS6 زمرے سے نیچے آتی ہیں۔ x

**GTA TEACHERS STIKE**

مغربی بنگال میں سَنیُکت مادھیامِک شِکشک سنگھٹن نے گورکھا لینڈ علاقائی انتظامیہ GTA کے تحت آنے والے اسکولوں میں آج سے غیرمعینہ عرصے کی ہڑتال کی شروعات کی ہے۔ ہڑتال کے اِس فیصلے سے پہلے کلکتہ ہائی کورٹ نے 313 اساتذہ کی ملازمت ختم کرنے کا حکم دیا تھا۔ اِس سنگھٹن کے مطابق پہاڑی علاقوں میں 2002 سے Volunteer Teachers مقرر کرنے کا سلسلہ جاری ہے اور موجودہ حالات کیلئے، اُس وقت کی ریاستی سرکار اور GTA ذمہ دار ہے۔ اِس ہڑتال کا طلباء پر کافی اثر پڑے گا کیونکہ تنظیم نے اعلان کیا ہے کہ موجودہ سالانہ امتحانات اور نتائج کا اعلان معطل رہے گا۔ x

**TRUMP ADRESS**

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے زور دے کر کہا ہے کہ اُن کی اقتصادی پالیسی میں محصولات کو مرکزی حیثیت حاصل رہے گی۔ کل رات ختمِ سال کے اپنے خطاب میں صدر ٹرمپ نے بار بار یہ بات دوہرائی کہ محصولات کی وجہ سے سرمایہ کاری، فیکٹری تعمیرات اور روزگار کے اضافے میں تیزی آئی ہے۔ اُدھر ٹرمپ انتظامیہ نے تائیوان کیلئے ہتھیاروں کی فروخت کے ایک بڑے پیکج کا اعلان کیا ہے، جس کی مالیت 10 ارب ڈالر سے زیادہ کی ہے۔ اِن میں درمیانہ دوری کے میزائل، Howitzers اور ڈرون شامل ہیں۔x

**LS-AIRPORTS**

علاقائی فضائی کنکٹی وٹی اسکیم اُڑان کے تحت بھارت کے فضائی نیٹ ورک میں 2014 میں 74 ہوائی اڈّوں سے آج 160 ہوائی اڈّوں کی نمایاں توسیع ہوئی ہے۔ اس اسکیم کا آغاز 2016 میں ہوا تھا، جس کا مقصد فضائی سفر کو زیادہ کفایتی اور قابل رسائی بنانے کے ساتھ ساتھ اُن خطوں میں کنکٹی وٹی فراہم کرنا تھا، جہاں یہ موجود نہیں تھی یا کم تھی۔

آج لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ حکومت نے اُڑان اسکیم کے تحت موجودہ ہوائی پٹیوں کو شہری ہوا بازی کے مراکز میں تبدیل کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس اسکیم کے تحت ملک بھر میں، خاص طور سے شمال مشرق اور اتراکھنڈ جیسی ریاستوں میں ہیلی کاپٹر خدمات میں بھی مدد فراہم کررہی ہے۔ جناب نائیڈو نے کہا کہ اُڑان اسکیم میں مزید 10 سال کی توسیع کی جائے گی۔x

**LS-ECLAVYA SCHOOL**

سرکار نے لوک سبھا کو مطلع کیا ہے کہ ملک بھر میں 440 Eklavya ماڈل اقامتی اسکول کام کررہے ہیں، جو قبائلی بچوں کو معیاری تعلیم دے رہے ہیں۔ قبائلی امور کے وزیر Jual Oram نے لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے میں یہ جانکاری دی۔ انہوں نے بتایا کہ سرکار نے اِس طرح کے 728 اسکولوں کی منظوری دی ہے۔ قبائلی امور کے وزیر Jual Oram نے مزید کہا کہ 63 ہزار قبائلی گاؤوں کو ترقی دینے کی خاطر دھرتی آبا جَن جاتیہ گرام اُتکرش ابھیان کی شروعات کی ہے، جس کیلئے 80 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مختص کئے گئے ہیں۔x

**DELHI-POLLUTION**

دلّی کے وزیر پرویش صاحب سنگھ نے آج سابقہ عام آدمی پارٹی حکومت اور سابق وزیراعلیٰ اروند کجریوال پر گزشتہ 11 برس میں قومی راجدھانی میں بڑھتی فضائی آلودگی کی سطح کے سلسلے میں کوئی اقدامات نہ کرنے کیلئے اُن پر نکتہ چینی کی ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے عام آدمی پارٹی پر کوڑے کے انبار ہٹانے، فٹ پاتھ کی مرمت کرنے، ای-ویسٹ بندوبست، دریائے جمنا کی صفائی اور سڑکوں کی صفائی ستھرائی کرنے میں ناکامی کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ دلّی میں فضائی آلودگی کا مسئلہ 4 یا 6 مہینے میں حل نہیں ہوسکتا۔ اس میں رفتہ رفتہ کمی آئے گی۔

جناب سنگھ نے کہا کہ موجودہ حکومت دلّی کے باشندوں پر سخت ضابطے یا شرائط نافذ نہیں کرنا چاہتی۔ انہوں نے دلّی کے لوگوں سے تعاون کرنے اور قومی راجدھانی میں فضائی آلودگی کی خراب ہوتی صورتحال کی روک تھام کیلئے حکومت کی جانب سے ایڈوائزری کی پابندی کرنے کی اپیل بھی کی۔

**Byte: Parvesh Verma**

**CHHATTISGARH MAOIST ENCOUNTER**

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلع میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ آج ایک تصادم میں تین ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق Kistaram علاقے میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خفیہ اطلاع ملنے کے بعد ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کی ایک ٹیم تلاش کارروائی کیلئے بھیجی گئی۔ آج صبح Singanamaragu میں تصادم ہوا، اب تک تین ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ پولیس اور سکیورٹی فورسز کی اضافی ٹیمیں روانہ کردی گئی ہیں۔ علاقے میں تلاشی کی ایک بڑی کارروائی انجام دی جارہی ہے۔×

**BADMINTON**

بیڈمنٹن میں، آج بھارت کے ساتوِک سائی راج رنکی ریڈّی اور چراغ شیٹی کی جوڑی کا مقابلہ انڈونیشیا کے Fajar Alfian اور محمد شہیب الفکری سے ہوگا۔ بھارتی مردوں کی جوڑی، چین کے Hangzhou میں جاری بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور فائنل کے سیمی فائنل میں جگہ بنانے کی بھرپور کوشش کرے گی۔ بھارتی جوڑی نے گروپ بی کے اپنے پہلے میچ میں چین کے چانگ وانگ اور وے کینگ لیانگ کی جوڑی کو 21-12، 20-22 اور 14-21 سے ہرا کر اپنی مہم کا آغاز کیا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆S